وزیر اعظم نے قطر کے وزیر اعظم سے کی ملاقات

14 فروری، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج دوحہ، قطر میں اپنی پہلی مصروفیت کے تحت وزیر اعظم اور قطر کے وزیر خارجہ عزت مآب شیخ محمد بن عبدالرحمن الثانی سے ملاقات کی۔

2. دونوں رہنماؤں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، مالیات اور تکنیک جیسے شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے مغربی ایشیا میں حالیہ علاقائی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا اور خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

3. اس کے بعد وزیر اعظم نے قطر کے وزیر اعظم کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے میں شرکت کی۔

دوحہ

14 فروری، 2024